اسکول اور مدارس کے بچوں اور بچیوں کے لئے اسلام کی ابتدائی تعلیم و تربیت پر مشتمل بہترین کتاب

# التربية الاسلامية

# اسلامی تربیت

پارٹ: 1



عنوان

”التربیۃ الاسلامیۃ“ اسلامی تربیت حصہ 1:

موضوع

اسلامیات

تصنیف

مولانا ابرار اختر قادری عطاری

ترتیبِ جدید

مولانا محمد حامد سراج عطاری مدنی

ریسرچ ڈیپارٹمنٹ

المدینۃ العلمیہ (Islamic Research Center)

صفحات

56

ٹوٹل تعداد

100000

Islamic Research Centre

پہلی اشاعت

صفر شریف 1448ھ، جولائی 2026ء

تعداد: 100000



جملہ حقوق بحق مکتبۃ المدینہ محفوظ ہیں


MAKTABA TUL MADINAH

دینی کتابوں کی اشاعت کا بین الاقوامی ادارہ

## تصدیق نامہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن

تاریخ: صفر شریف 1448ھ　　　　حوالہ نمبر: 168

تصدیق کی جاتی ہے کہ کتاب

اسلامی تربیت حصہ 1: (مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

پر شعبہ تفتیش کتب و رسائل کی جانب سے نظر ثانی کی کوشش کی گئی ہے۔ اور اسے عقائد، کفریہ عبارات، اَخلاقیات، فقہی مسائل اور عربی عبارات وغیرہ کے حوالے سے مقدور بھر ملاحظہ کر لیا ہے، البتہ کمپوزنگ یا کتابت کی غلطیوں کا ذمہ شعبہ پر نہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم شعبہ تفتیش کتب و رسائل فیضان مدینہ پرانی سبزی منڈی کراچی

شعبہ تفتیش کتب و رسائل (دعوتِ اسلامی)
15-7-2026


UAN : +922111252692, Ext : 1144, :92-313-1139278, Ext : 9223
www.dawateislami.net　www.maktabatulmadinah.com
ilmia@dawateislami.net　feedback@maktabatulmadinah.com



www.dawateislami.net

# فہرست


| | |
|---|---|
| فہرست | 1 |
| پہلے اسے پڑھ لیجئے! | 2 |
| حمد شریف | 4 |
| نعتِ مصطفیٰ | 5 |
| قرآنِ پاک(1) | 6 |
| ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں(1) | 7 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(1) | 8 |
| وضو(1) | 9 |
| سلام کرنے کے آداب(1) | 10 |
| قرآنِ پاک(2) | 11 |
| ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں(2) | 12 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(2) | 13 |
| وضو(2) | 14 |
| پانی پینے کے آداب(2) | 15 |
| دعائیں(3) | 16 |
| ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں(3) | 17 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(3) | 18 |
| نماز(3) | 19 |
| کھانا کھانے کے آداب(3) | 20 |
| دعائیں(4) | 21 |
| کلمے(4) | 22 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(4) | 23 |
| نماز(4) | 24 |
| چھینک کے آداب(4) | 25 |
| دعائیں(5) | 26 |
| کلمے(5) | 27 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(5) | 28 |
| اذکار(5) | 29 |
| جماہی کے آداب(5) | 30 |
| دعائیں(6) | 31 |
| ہمارا دین(6) | 32 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(6) | 33 |
| ناخن کاٹنے کے آداب(6) | 34 |
| دعائیں(7) | 35 |
| ارکانِ اسلام(7) | 36 |
| اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی(7) | 37 |
| دعا کے آداب(7) | 38 |
| دعائیں(8) | 39 |
| ارکانِ اسلام(8) | 40 |
| صحابۂ کرام(8) | 41 |
| عمومی آداب(8) | 42 |
| دعائیں(9) | 43 |
| اللہ پاک(9) | 44 |
| صحابۂ کرام(9) | 45 |
| عمومی آداب(9) | 46 |
| انبیا و رسل(10) | 47 |
| اولیائے کرام(10) | 49 |
| فرشتے(11) | 50 |
| اولیائے کرام(11) | 51 |
| آسمانی کتابیں(12) | 52 |
| اولیائے کرام(12) | 53 |
| انبیائے کرام کے معجزات(13) | 54 |
| اہلِ بیت کرام(13) | 55 |
| حوالہ جات | 56 |




www.dawateislami.net

# پہلے اسے پڑھ لیجئے!

بچے مستقبل کا چراغ اور مستقبل کی امید ہوتے ہیں۔ یہ روشنی بھی بکھیرتے ہیں اور خوابوں کو حقیقت میں بھی تبدیل کرتے ہیں، لیکن یہ تب ہی ممکن ہوتا ہے کہ جب انہیں بچپن ہی سے ایسی تربیت دی جائے جس کی بدولت بچے خوابوں کی تکمیل کا سامان اور معاشرے میں روشنیاں بکھیرتے ستارے بنیں۔

بچوں کی تربیت میں ایک اہم جزیہ بھی ہے کہ انہیں اسلامی تعلیمات، عقائد اور اسلامی فکر سے آراستہ کیا جائے۔ زیرِ نظر کتاب اسی سلسلے کی کڑی ہے۔ پہلے یہ کتاب "اسلام کی بنیادی باتیں حصہ 1 تا 3" کے نام کے ساتھ مکتبۃ المدینہ سے شائع ہوتی رہی ہے۔ "مجلس مدرسۃ المدینہ" کی فرمائش پر مدارس میں پڑھنے والے بچوں کیلئے یہ تینوں حصے تیار کیے گئے تھے اور الحمدللہ! تینوں حصے بہت مقبول ہوئے اور لاکھوں کاپیاں شائع ہوئیں۔

مجلس المدینۃ العلمیہ کو یہ مشورہ ملا کہ ان تینوں حصوں کو جدید اسلوب اور نئے تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے شائع کیا جائے تاکہ تینوں حصے مدارس کے ساتھ ساتھ اسکول میں بھی بچوں کی تعلیم و تربیت میں کام آئیں۔ یوں ان پر کام ہوا اور پہلا حصہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ اب اس نصاب کا عربی نام "التربیۃ الاسلامیۃ" جبکہ اردو میں "اسلامی تربیت" ہے۔

پہلے حصے میں جو کام کئے گئے وہ درجِ ذیل ہیں:

- پرانی کتاب کے ایسے مواد (Content) کو برقرار رکھا گیا ہے جو براہِ راست طلبہ سے متعلق تھا۔ کچھ اسباق میں مواد (Content) کا اضافہ کیا گیا ہے جبکہ کچھ اسباق از سرِ نو شامل کئے گئے۔
- کتاب میں قرآنیات، ایمانیات، شخصیاتِ اسلام، عبادات اور اخلاقیات کے پانچ عنوانات کے تحت پیریڈز کو تقسیم کر دیا گیا ہے۔
- پوری کتاب میں ہر عنوان کی مرکزی تھیم ایک ہی رکھی گئی ہے تاکہ پہچان میں آسانی رہے۔
- عنوانات کے تحت ایک ایک پیریڈ کا ممکنہ سبق ایک ہی پیج پر دیا گیا ہے، تاکہ طالب علم کو آسانی ہو۔
- دنوں کے اعتبار سے نمبرنگ بھی ساتھ دی گئی ہے تاکہ اساتذہ کو آسانی رہے۔
- کتاب میں شامل تمام نئے اسباق و مواد کی شرعی تفتیش کروائی گئی ہے۔



www.dawateislami.net

- طلبہ کی دلچسپی برقرار رکھنے کیلئے سبق کے اعتبار سے مکمل کتاب کی فور کلر ڈیزائننگ کی گئی ہے۔
- کتاب چونکہ بچوں کیلئے ہے اس لیے تمام ضروری حوالہ جات آخر میں ایک ساتھ ذکر کر دیے گئے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ پاک اس کام کو شرفِ قبولیت اور اس میں شریک تمام افراد کو دنیا و آخرت میں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین بجاہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم

مجلس المدینۃ العلمیہ

## قیامت کے دن کی حسرت

اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کا فرمان ہے: قیامت کے دن سب سے زیادہ حسرت اس شخص کو ہو گی جسے دنیا میں علم حاصل کرنے کا موقع ملا مگر اس نے حاصل نہ کیا اور اس شخص کو ہو گی جس نے علم حاصل کیا اور دوسروں نے تو اس سے سن کر فائدہ اٹھایا لیکن اس نے خود نہ اٹھایا (یعنی اس علم پر عمل نہ کیا)۔

(تاریخ ابن عساکر، 51/138)

## وضو کے فائدے

اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی، مکی مدنی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کا ارشادِ پاک ہے: جب آدمی وضو کرتا ہے تو ہاتھ دھونے سے ہاتھوں کے، چہرہ دھونے سے چہرے کے، سر کا مسح کرنے سے سر کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ جھڑتے ہیں۔

(مسند امام احمد، 1/130، حدیث: 415 ملخصاً)



www.dawateislami.net

## حمد شریف

تُو رب ہے مرا میں بندہ ترا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
اے خالق و مالک ربِّ عُلیٰ سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
ہم منگتے ہیں تُو مُعْطی ہے ہم بندے ہیں تُو مولیٰ ہے
محتاج ترا ہر شاہ و گدا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
ہم جرم کریں تُو عفو کرے ہم قہر کریں تُو مہر کرے
گھیرے ہے جہاں کو فضل ترا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
تُو والی ہے ہر بیکس کا تُو حامی ہے ہر بے بس کا
ہر اِک کے لیے دَر تیرا کُھلا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
ہم عیبی ہیں ستار ہے تُو ہم مجرم ہیں غفار ہے تُو
بدکاروں پر بھی ایسی عطا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
ترے عشق میں روئے مرغِ سحر ترا نام ہے مرہمِ زخمِ جگر
ترے نام پہ میری جان فدا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ
یہ سالکؔ مجرم آیا ہے اور خالی جھولی لایا ہے
دے صدقہ رحمتِ عالم کا سُبْحٰنَ اللہ سُبْحٰنَ اللہ





www.dawateislami.net

# نعتِ مصطفیٰ

آنکھوں کا تارا نامِ محمد
دل کا اُجالا نامِ محمد

ہیں یوں تو کثرت سے نام لیکن
سب سے ہے پیارا نامِ محمد

دولت جو چاہو دونوں جہاں کی
کر لو وظیفہ نامِ محمد

نوح و خلیل و موسیٰ و عیسیٰ
سب کا ہے آقا نامِ محمد

پائیں مرادیں دونوں جہاں میں
جس نے پکارا نامِ محمد

دونوں جہاں میں دنیا و دیں میں
ہے اِک وسیلہ نامِ محمد

روزِ قیامت میزان و پل پر
دے گا سہارا نامِ محمد

پوچھے گا مولیٰ لایا ہے کیا کیا
میں یہ کہوں گا نامِ محمد

اپنے جمیلِؔ رضوی کے دل میں
آ جا سما جا نامِ محمد





www.dawateislami.net

# قرآنِ پاک (1)





**سوال** قرآنِ پاک کس کا کلام ہے اور یہ کس پر نازل ہوا؟

**جواب** قرآنِ کریم اللہ پاک کا کلام ہے اس نے یہ کلام اپنے سب سے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پر نازل فرمایا۔



**سوال** قرآنِ پاک کے نازل ہونے کی ابتدا کب ہوئی؟

**جواب** قرآنِ پاک کے نازل ہونے کی ابتدا رمضان شریف کے برکت والے مہینے میں ہوئی۔






www.dawateislami.net

۷

# ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں(1)

**سوال** ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی، حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم اپنے رب کے پاس سے جو کچھ لائے، اس سب کو حق جاننے اور سچے دل سے ماننے کو ایمان کہتے ہیں۔



**سوال** ایمان کے بیان کی کتنی اور کون کون سی قسمیں ہیں؟

**جواب** ایمان کے بیان کی دو قسمیں ہیں اور وہ یہ ہیں:

1 ایمانِ مجمل
2 ایمانِ مفصّل

**سوال** ایمانِ مجمل کسے کہتے ہیں؟

**جواب** ایمان کے اجمالی (یعنی مختصر) بیان کو ایمانِ مجمل کہتے ہیں۔

**سوال** ایمانِ مفصّل کسے کہتے ہیں؟

**جواب** ایمان کے تفصیلی بیان کو ایمانِ مفصّل کہتے ہیں۔





www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (1)



**سوال** اللہ کے آخری نبی کا نام مبارک کیا ہے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی کا نام مبارک "محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم" ہے۔



**سوال** ہم کس کے امتی ہیں؟

**جواب** ہم اللہ کے آخری نبی حضرت محمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے امتی ہیں۔



# وضو(1)

**سوال** وضو کے فرائض کتنے اور کون کون سے ہیں؟

**جواب** وضو کے چار فرائض ہیں اور وہ یہ ہیں:


1 چہرہ دھونا


2 کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا


3 چوتھائی سر کا مسح کرنا


4 ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا


www.dawateislami.net

# سلام کرنے کے آداب(1)

ہر مسلمان کو سلام کرنا چاہیے۔

مسلمان سلام کرے تو اس کا جواب دیجئے۔

سلام کے بہترین الفاظ یہ ہیں:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُه

سلام کے جواب کے بہترین الفاظ یہ ہیں:

وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُه

سلام میں پہل کرنے والے پر 90 اور جواب دینے والے پر 10 رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔[1]

سلام بلند آواز سے کرنا چاہیے۔

سلام کا جواب فوراً دینا واجب یعنی ضروری ہے۔

سلام میں پہل کرنا سنت ہے۔

گھر میں آتے جاتے سلام کرنا سنت ہے۔

جب جب ملاقات ہو سلام کرنا چاہیے۔



# قرآنِ پاک (2)



**سوال** قرآنِ پاک کی حفاظت کا ذمہ کس نے لیا ہے؟

**جواب** قرآنِ پاک کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ پاک نے لیا ہے۔

اسی وجہ سے قرآنِ پاک جیسا نازل ہوا ویسا ہی موجود ہے اور ایسا ہی رہے گا اس کی ہر ہر آیت حق و سچ اور اس پر ایمان لانا فرض یعنی ضروری ہے۔



**سوال** کیا قرآنِ پاک کو بے وضو چھو سکتے ہیں؟

**جواب** جی نہیں! قرآنِ پاک کو چھونے کے لیے وضو کرنا فرض یعنی ضروری ہے اور وضو کے بغیر اس کو چھونا حرام اور گناہ ہے۔[2]



# ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں (2)



**سوال** ایمانِ مجمل اور اس کا ترجمہ سنائیں؟

**جواب** اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ
اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ

**ترجمہ:** میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کئے زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے۔







www.dawateislami.net

# ١٣ اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (2)



**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کس شہر میں پیدا ہوئے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم عرب کے مشہور شہر مکہ شریف میں پیدا ہوئے۔



**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کون سے مہینے کی کس تاریخ کو پیدا ہوئے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ربیع الاول کے مہینے کی 12 تاریخ کو پیدا ہوئے۔



**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کس دن پیدا ہوئے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم پیر کے دن پیدا ہوئے۔





www.dawateislami.net

# وضو(2)



**سوال** وضو کرنے سے پہلے کیا پڑھنا سنت ہے؟

**جواب** وضو کرنے سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم پڑھنا سنت ہے۔

**سوال** وضو سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہ پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

**جواب** وضو سے پہلے بِسۡمِ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہ پڑھنے سے جب تک وضو باقی رہے گا فرشتے نیکیاں لکھتے رہیں گے۔

**سوال** دورانِ وضو یَا قَادِرُ پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

**جواب** جو شخص دورانِ وضو یَا قَادِرُ پڑھے گا دشمن اسے اغوا نہیں کر سکے گا۔





www.dawateislami.net

# پانی پینے کے آداب(2)

پانی بیٹھ کر پینا چاہیے۔

پانی روشنی میں دیکھ کر پینا چاہیے۔

پانی سیدھے ہاتھ سے پینا چاہیے۔

پانی سر ڈھانپ کر پینا چاہیے۔

پانی ''بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم'' پڑھ کر پینا چاہیے۔

پانی پینے کے بعد ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن'' پڑھنا چاہیے۔

پانی تین سانس میں پینا چاہیے۔

پانی آہستہ آہستہ پینا چاہیے۔

پانی پیتے ہوئے ٹپکانے اور گرانے سے بچنا چاہیے۔

بچا ہوا پانی پھینکنا نہیں چاہیے۔





www.dawateislami.net

# دعائیں(3)

قرآنیات







## قرآنِ پاک پڑھنے کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

## بلندی پر چڑھنے کی دعا

اَللّٰهُ اَكْبَرُ

ترجمہ: اللہ سب سے بڑا ہے۔

## بلندی سے اترنے کی دعا

سُبْحٰنَ اللّٰهِ

ترجمہ: اللہ (ہر عیب سے) پاک ہے۔





www.dawateislami.net

# ایمان اور اس کے بیان کی قسمیں (3)

**سوال** ایمانِ مفصّل اور اس کا ترجمہ سنایئے۔

**جواب** اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

**ترجمہ:** میں ایمان لایا اللہ پر اور اُس کے فرشتوں پر اور اُس کی کتابوں پر اور اُس کے رسولوں پر اور قیامت کے دن پر اور اِس پر کہ اچھی اور بُری تقدیر اللہ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر۔





www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم (3)

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے والدِ محترم کا نام کیا ہے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے والدِ محترم کا نام "حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ" ہے۔

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام کیا ہے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی والدہ محترمہ کا نام "حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا" ہے۔

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے کس عمر میں اعلانِ نبوت فرمایا؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے 40 سال کی عمر میں نبوت کا اعلان فرمایا۔



# نماز(3)

**سوال** کیا بچوں کو بھی نماز پڑھنی چاہیے ؟

**جواب** جی ہاں! بچوں کو بھی نماز پڑھنی چاہیے۔

**سوال** نماز کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے ؟

**جواب** نماز کیلئے اس کی شرائط اور فرائض کا پایا جانا ضروری ہے۔

**سوال** نمازِ فجر کی کتنی اور کون سی رکعتیں ہیں ؟

**جواب** نمازِ فجر میں چار رکعتیں ہیں جو ترتیب وار یہ ہیں: دو سنتِ مؤکدہ، دو فرض۔

**سوال** نمازِ ظہر کی کتنی اور کون سی رکعتیں ہیں ؟

**جواب** نمازِ ظہر میں 12 رکعتیں ہیں جو ترتیب وار یہ ہیں: چار سنتِ مؤکدہ، چار فرض، دو سنتِ مؤکدہ، دو نفل۔




www.dawateislami.net

# کھانا کھانے کے آداب (3)



کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد دونوں ہاتھ کلائیوں تک دھونا سنت ہے۔

کُلّیاں کر کے منہ کا اگلا حصہ بھی دھولینا چاہیے۔

کھانا سنت کے مطابق بیٹھ کر کھانا چاہیے۔

ایک سنت یہ ہے کہ سیدھا گھٹنا کھڑا کریں اور الٹا پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھ کر کھانا کھائیں۔ [3]

کھانا سیدھے ہاتھ کی تین انگلیوں (یعنی انگوٹھے اور اس کے برابر والی دو انگلیوں) سے کھانا چاہیے۔

کھانے سے پہلے "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم" پڑھنا سنت ہے۔ [4]

کھانا چھوٹے چھوٹے نوالے بنا کر اچھی طرح چبا کر کھانا چاہیے۔

کھانے کے بعد برتن اچھی طرح صاف کرنا چاہیے۔

کھانے کے بعد "اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡن" پڑھنا چاہیے۔

اگر شروع میں بِسۡمِ اللّٰہ یا دعا پڑھنا بھول جائیں تو یاد آنے پر یہ کہہ لیں: بِسۡمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ اٰخِرَہٗ۔

روٹی الٹے ہاتھ میں لے کر سیدھے ہاتھ سے توڑنی چاہیے۔

کھانا ضرورت سے زیادہ نہ لیجئے اور گرنے سے بچائیے۔

روٹی کے ٹکڑے یا چاول کے دانے گر جائیں تو اٹھا کر کھالیجئے۔

کھانا کھانے کے بعد ہاتھ اچھی طرح دھو کر صاف کرلیجئے۔






www.dawateislami.net

# دعائیں (4)

## پانی پینے سے پہلے کی دعا



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔

## پانی پینے کے بعد کی دعا



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ کو جو مالک سارے جہان والوں کا۔

## کھانے سے پہلے کی دعا



بِسۡمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے اور اللہ کی برکت پر (کھاتا ہوں)۔

## کھانے کے بعد کی دعا



اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَطۡعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسۡلِمِیۡنَ

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ کے لئے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔





www.dawateislami.net

# کلمے (4)



## پہلا کلمہ طیّب (طیّب معنی پاک)

**لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ**

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمد (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

## دوسرا کلمہ شہادت (شہادت معنی گواہی)

**اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ**
**وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ**

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت محمد (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔





www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (4)

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کتنے سال مکے میں رہے؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مکے میں تقریباً 53 سال رہے۔

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے کب اور کس طرف ہجرت فرمائی؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے 53 سال کی عمر میں مدینہ شریف کی طرف ہجرت فرمائی۔

**سوال** اعلانِ نبوت کے بعد اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مکہ میں کتنا عرصہ رہے؟

**جواب** اعلانِ نبوت کے بعد اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم 13 سال مکہ میں رہے۔

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مدینہ شریف میں کتنے سال رہے؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم مدینہ شریف میں تقریباً 10 سال رہے۔





www.dawateislami.net

# نماز (4)



**سوال** نمازِ عصر کی کتنی اور کون سی رکعتیں ہیں؟

**جواب** نمازِ عصر میں آٹھ رکعتیں ہیں: چار سنتِ غیر مؤکدہ، چار فرض۔

**سوال** نمازِ مغرب کی کتنی اور کون سی رکعتیں ہیں؟

**جواب** نمازِ مغرب میں سات رکعتیں ہیں: تین فرض، دو سنتِ مؤکدہ، دو نفل۔

**سوال** نمازِ عشا کی کتنی اور کون سی رکعتیں ہیں؟

**جواب** نمازِ عشا میں 17 رکعتیں ہیں: چار سنتِ غیر مؤکدہ، چار فرض، دو سنتِ مؤکدہ، دو نفل، تین وتر واجب، دو نفل۔





www.dawateislami.net

# چھینک کے آداب (4)

- چھینکتے وقت سر جھکائیے، منہ چھپائیے اور آواز آہستہ نکالئے۔
- چھینک آنے پر "اَلْحَمْدُ لِلّٰه" کہنا سنت ہے۔
- چھینک سننے والے پر واجب یعنی لازم ہے کہ جواب دے، یعنی یوں کہے: "یَرْحَمُكَ اللّٰهُ"[5]
- جواب سن کر چھینکنے والا کہے: "یَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ"۔
- دوسری بار چھینک آئے اور وہ "اَلْحَمْدُ لِلّٰه" کہے تو دوبارہ جواب واجب نہیں بلکہ مستحب ہے۔
- جو کوئی چھینک آنے پر "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَال" کہے اور اپنی زبان سارے دانتوں پر پھیر لیا کرے تو اِن شاءَ اللّٰه دانتوں کی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔
- جواب اس صورت میں واجب ہو گا جب چھینکنے والا اَلْحَمْدُ لِلّٰه کہے اور حمد نہ کرے تو واجب نہیں۔



# دعائیں (5)

قرآنیات

## سوتے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے نام سے مرتا (یعنی سوتا) ہوں اور جیتا (یعنی جاگتا) ہوں۔

## جاگتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ کے لئے جس نے ہمیں موت (یعنی نیند) کے بعد حیات (یعنی بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔









www.dawateislami.net

# کلمے (5)

## تیسرا کلمہ تمجید (تمجید معنی بزرگی)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند، عظمت والا ہے۔






www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (5)

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی کتنی ازواج تھیں؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی 11 ازواج تھیں۔

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ازواج کے نام کیا ہیں؟

**جواب**

1. حضرت خدیجہ بنتِ خویلد
2. حضرت عائشہ بنتِ صدّیق
3. حضرت حفصہ بنتِ عمر فاروق
4. حضرت اُمِّ حبیبہ بنتِ ابو سفیان
5. حضرت اُمِّ سلمہ بنتِ ابو امیہ
6. حضرت سودہ بنت زمعہ
7. حضرت زینب بنتِ جحش
8. حضرت میمونہ بنتِ حارث
9. حضرت زینب بنتِ خزیمہ
10. حضرت جُویریہ بنت حارث
11. حضرتِ صفیہ بنتِ حیی رضی اللہ عنہن



# اذکار (5)

## ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ! تو پاک ہے اور میں تیری حَمد کرتا ہوں، تیرا نام بَرَکت والا ہے اور تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سِوا کوئی معبود نہیں۔



## تعوذ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

## تسمیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا۔





www.dawateislami.net

# جماہی کے آداب(5)



حدیثِ پاک میں ہے: جب کوئی جماہی لیتا ہے تو شیطان ہنستا ہے۔

جماہی شیطان کی طرف سے ہے، جہاں تک ہو سکے اسے روکنا چاہیے۔

جماہی کے وقت آواز نہیں نکالنی چاہیے۔

جماہی آنے لگے تو الٹے ہاتھ کی ہتھیلی کا پچھلا حصہ منہ پر رکھنا چاہیے۔

جماہی روکنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ دل میں یہ خیال لائے کہ انبیائے کرام علیہم السّلام کو جماہی نہیں آتی تھی۔(6)






www.dawateislami.net

# دعائیں (6)





## مسلمان بھائی سے ملاقات کے وقت کی دعا

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہ

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں۔



## مصافحہ کرتے وقت کی دعا

یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ

ترجمہ: اللہ ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے۔



## شکریہ ادا کرتے وقت کی دعا

جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا

ترجمہ: اللہ تم کو بہترین بدلہ دے۔





www.dawateislami.net

# ہمارا دین (6)



ایمانیات

**سوال** ہم کون ہیں؟

**جواب** ہم مسلمان ہیں۔

**سوال** ہمارا دین کیا ہے؟

**جواب** ہمارا دین "اسلام" ہے۔

**سوال** اسلام کا کیا معنٰی ہے؟

**جواب** اسلام کا معنی "تسلیم کرنا یعنی دل سے قبول کرنا" ہے۔ اسے تصدیق بھی کہتے ہیں اور تصدیق دل سے ہوتی ہے۔

**سوال** مسلمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب** دینِ اسلام کے ماننے والے کو مسلمان کہتے ہیں۔

**سوال** مسلمان کس کی عبادت کرتے ہیں؟

**جواب** مسلمان صرف اللہ پاک کی عبادت کرتے ہیں۔

**سوال** دینِ اسلام کیا سکھاتا ہے؟

**جواب** دینِ اسلام سچائی، صفائی، بھلائی اور اچھائی سکھاتا ہے۔

**سوال** اسلام کا کلمہ کیا ہے؟

**جواب** اسلام کا کلمہ یہ ہے: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں حضرت محمد (صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔





www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (6)

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی کتنی اولادیں تھیں؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے 3 شہزادے اور 4 شہزادیاں تھیں۔

**سوال** اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے شہزادوں اور شہزادیوں کے نام کیا ہیں؟

**جواب**

## شہزادوں کے نام

1. حضرت قاسم
2. حضرت ابراہیم
3. حضرت عبدُ اللہ رضی اللہ عنہم

## اور شہزادیوں کے نام

1. حضرت زینب
2. حضرت رقیہ
3. حضرت اُمِّ کلثوم
4. حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن



# ناخن کاٹنے کے آداب(6)

دانت سے ناخن کاٹنا مکروہ یعنی ناپسندیدہ ہے، اس سے برص ہو سکتا ہے۔[7]

برص ایسی بیماری ہے جس میں جسم اپنی رنگت کھو دیتا ہے اور آہستہ آہستہ کمزوری کے بعد جسم ناکارہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

ناخن کاٹنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے سیدھے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے شروع کر کے ترتیب وار چھوٹی انگلی سمیت ناخن کاٹ لیجئے مگر انگوٹھا چھوڑ دیجئے۔

پھر الٹے ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کر کے ترتیب وار انگوٹھے سمیت ناخن کاٹ لیجئے۔

آخر میں سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹ لیجئے۔








www.dawateislami.net

# دعائیں (7)









## چھینک آنے پر دعا

## اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ پاک کے لئے ہیں

## چھینک کا جواب دینے والے کیلئے دعا

## يَرْحَمُكَ اللّٰه

ترجمہ: اللہ پاک تم پر رحم فرمائے۔

## جماہی کے وقت کی دعا

## لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ترجمہ: گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کی طرف سے ہے جو سب سے بلند، عظمت والا ہے۔





www.dawateislami.net

# ارکانِ اسلام (7)



**سوال** ارکانِ اسلام کتنے ہیں؟

**جواب** ارکانِ اسلام پانچ ہیں: 1 اس بات کی گواہی دینا کہ اللہ پاک کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم اللہ کے خاص بندے اور رسول ہیں 2 نماز قائم کرنا 3 زکوٰۃ ادا کرنا 4 حج کرنا 5 رمضان کے روزے رکھنا۔







**سوال** روزانہ کتنی نمازیں فرض ہیں؟

**جواب** روزانہ پانچ نمازیں فرض ہیں۔

**سوال** پانچ فرض نمازوں کے نام بتائیں؟

**جواب** پانچ فرض نمازوں کے نام یہ ہیں: 1 فجر 2 ظہر 3 عصر 4 مغرب 5 عشا۔






www.dawateislami.net

# اللہ پاک کے پیارے اور آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم (7)

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مزار کہاں ہے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا مزار مدینہ شریف میں ہے۔

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کتنے سال کی عمر پائی؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے 63 سال کی عمر پائی۔

**سوال** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر کونسی کتاب نازل ہوئی؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم پر آخری آسمانی کتاب "قرآنِ کریم" نازل ہوئی۔



# دعاکے آداب(7)



دعا سے پہلے اللہ پاک کی حمد و ثنا(تعریف) بیان کرنی چاہیے۔ جیسے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

دعا سے پہلے اللہ پاک کی حمد و ثنا اور اس کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا چاہیے۔ چاہیں تو دعا یوں شروع کریں: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ۔

دعا کے شروع اور آخر میں درود پاک پڑھنے سے دعا قبول ہوتی ہے۔

دعا کرتے وقت نگاہیں نیچی رکھنی چاہئیں۔

دعا میں دونوں ہاتھ اس طرح اٹھائیں کہ سینے کے سامنے رہیں۔

دعا کرتے وقت ہتھیلیوں کا رخ آسمان کی طرف ہونا چاہیے۔

دعائے ماثورہ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے ہمارے ربّ! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور ہمیں آخرت میں بھلائی دے اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچا۔





www.dawateislami.net

# دعائیں (8)





## علم میں اضافے کی دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

ترجمہ: اے میرے رب مجھے علم زیادہ دے۔



## گدھے کے رینکنے پر پڑھنے کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ پاک کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔



## کتے کے بھونکنے پر پڑھنے کی دعا

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ پاک کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔





www.dawateislami.net

# ارکانِ اسلام (8)

ایمانیات



**سوال** مسلمانوں پر کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟

**جواب** مسلمانوں پر رمضان کے روزے فرض ہیں۔

**سوال** روزے کا مقصد کیا ہے؟

**جواب** روزے کا اصل مقصد نیک اور پرہیز گار بن کر اللہ کو راضی کرنا ہے۔

**سوال** کیا روزے پچھلی امتوں پر بھی فرض تھے؟

**جواب** جی ہاں! روزے پچھلی امتوں پر بھی فرض تھے۔

**سوال** حج کس پر فرض ہے؟

**جواب** ہر صاحب استطاعت مسلمان پر زندگی میں ایک بار حج فرض ہے۔

**سوال** حج کہاں ادا ہوتا ہے؟

**جواب** حج مکہ مکرمہ اور عرفات میں ادا ہوتا ہے۔





www.dawateislami.net

# صحابۂ کرام(8)

**سوال** صحابی کسے کہتے ہیں؟

**جواب** جس نے اللہ پاک کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کو ایمان کی حالت میں دیکھا اور ایمان کی حالت میں ہی اس کا انتقال ہوا اسے صحابی کہتے ہیں۔[8]

**سوال** خلفائے راشدین سے کون سے صحابہ مراد ہیں؟

**جواب** اللہ پاک کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے وصالِ ظاہری کے بعد جو پانچ صحابہ ترتیب وار مسلمانوں کے امیر بنے انہیں خلفائے راشدین کہتے ہیں۔[9]





www.dawateislami.net

# عمومی آداب (8)



اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے چند فرامین ملاحظہ فرمائیں:

1 طاقتور وہ نہیں جو لوگوں کو پچھاڑ دے بلکہ طاقتور وہ ہے: جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔[10]

2 (کامل) مسلمان وہ ہے جس کی زَبان اور ہاتھ سے مسلمان کو تکلیف نہ پہنچے۔[11]

3 اپنے بھائی کی شُماتَت نہ کر (یعنی اس کی مصیبت پر اظہارِ مُسرَّت نہ کر) کہ اللہ پاک اس پر رحم کرے گا اور تجھے اس میں مبتَلا کردے گا۔[12]

4 بڑوں کے ساتھ ادب کرو اور چھوٹوں پر شفقت کرو۔[13]

5 جب بندہ جھوٹ بولتا ہے، اس کی بدبو سے فِرِشتہ ایک میل دور ہو جاتا ہے۔[14]

6 چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔[15]











www.dawateislami.net

# دعائیں (9)



## بارش کے وقت کی دعا

اَللّٰهُمَّ سُقْيًا نَّافِعًا

ترجمہ: یاالٰہی ایسا پانی برسا جو نفع پہنچائے۔



## نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِىْ مِنَ النَّارِ

ترجمہ: یاالٰہی مجھے دوزخ کی آگ سے بچا۔



## مریض کی عیادت کی دعا

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اَللّٰهُمَّ اشْفِهٖ اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ

ترجمہ: کوئی حرج کی بات نہیں، ان شاءاللہ یہ مرض گناہوں سے پاک کرنے والا ہے یاالٰہی اسے شفادے یاالٰہی اسے تندرست فرما۔





www.dawateislami.net

# اللہ پاک (9)

ایمانیات

سوال ہمیں کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب ہمیں اللہ پاک نے پیدا کیا ہے۔

سوال تمام مخلوق کو بنانے والا کون ہے؟

جواب تمام مخلوق کو بنانے والا اللہ پاک ہے۔

سوال زمین، آسمان، سورج، چاند اور ستارے کس نے بنائے ہیں؟

جواب زمین، آسمان، سورج، چاند اور ستارے سب اللہ پاک نے بنائے ہیں۔

سوال ہم کس کی عبادت کرتے ہیں؟

جواب ہم اللہ پاک کی عبادت کرتے ہیں۔

سوال ہر چیز کو دیکھنے اور سننے والا کون ہے؟

جواب ہر چیز کو دیکھنے اور سننے والا اللہ پاک ہے۔

سوال کیا اللہ پاک سے کوئی چیز چُھپ سکتی ہے؟

جواب جی نہیں! اللہ پاک سے کوئی چیز نہیں چُھپ سکتی، اس کو ہر چیز کا علم ہے۔

سوال کیا اللہ پاک کسی کا محتاج ہے؟

جواب اللہ پاک کو کسی کی حاجت و ضرورت نہیں، وہ کسی کا محتاج نہیں، بلکہ ساری کائنات اس کی محتاج ہے۔

سوال اللہ پاک کا علم کتنا ہے؟

جواب اللہ پاک کو ہمیشہ سے ہمیشہ تک ہر ہر ذرّے کا علم ہے، کوئی ایک ذرّہ بھی اُس سے پوشیدہ نہیں، نیز ہر وہ شے جو ابھی تک وُجود میں نہیں آئی اُس کا بھی علم ہے۔





www.dawateislami.net

# صحابۂ کرام (9)

**سوال** پانچ خلفائے راشدین کے نام بتائیے۔

**جواب**
1. امیر المؤمنین حضرت ابو بکر صدیق
2. امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقِ اعظم
3. امیر المؤمنین حضرت عثمانِ غنی
4. امیر المؤمنین حضرت علی المرتضیٰ
5. امیر المؤمنین حضرت امام حسن رضی اللہ عنہم

**سوال** کیا صحابۂ کرام کا ادب و احترام کرنا ضروری ہے؟

**جواب** جی ہاں! صحابۂ کرام علیہمُ الرضوان کا ادب و احترام کرنا ضروری ہے اور ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔

**سوال** کیا حضرت امیرِ معاویہ بھی صحابی ہیں؟

**جواب** جی ہاں! حضرت امیرِ معاویہ رضی اللہُ عنہ بھی صحابی ہیں۔




www.dawateislami.net

# عمومی آداب (9)

## سیکھنے کی باتیں

- ہمیں ہمیشہ غصے پر قابو رکھنا چاہیے۔
- ہمیں کسی کو بھی اپنی زبان اور ہاتھ سے تکلیف نہیں دینی چاہیے۔
- دوسروں کی تکلیف پر خوشی کا اظہار کرنا نہایت بری بات ہے۔
- ہمیں ہر حال میں جھوٹ سے بچنا چاہیے۔
- کسی سے بھی اونچی آواز میں بات نہیں کرنی چاہیے۔
- والدین سے اونچی آواز میں بات کرنا بے ادبی ہے۔
- جب والدین آئیں تو ان کے ادب میں کھڑا ہو جانا چاہیے۔
- دن میں ایک مرتبہ والد صاحب کے ہاتھ اور والدہ صاحبہ کے پاؤں چومنے چاہئیں۔
- والدین جو بھی جائز کام کہیں خوش دلی سے کرنا چاہیے۔
- ہر نماز کے بعد والدین اور استاد صاحب کے لئے دعا کرنی چاہیے۔
- جھوٹ بولنا، گالی دینا، چوری کرنا اور کسی مسلمان کو تکلیف دینا حرام اور بہت بڑا گناہ ہے۔
- مسجد میں شور مچانا اور ہنسنا منع ہے۔
- غیبت (پیٹھ پیچھے برائی کرنا) حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔









www.dawateislami.net

# انبیا ورسل علیہم السلام (10)



**سوال** "نبی" کے کیا معنی ہیں؟

**جواب** "نبی" کے معنی ہیں: غیب کی خبر دینے والا۔

**سوال** لفظِ نبی اور انبیا میں کیا فرق ہے؟

**جواب** لفظِ نبی واحد (یعنی ایک کیلئے) اور انبیا جمع (یعنی ایک سے زائد نبیوں) کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

**سوال** اللہ پاک کی مخلوق میں سب سے افضل کون ہیں؟

**جواب** اللہ پاک کی مخلوق میں سب سے افضل انبیائے کرام علیہم السّلام ہیں۔

**سوال** کیا سب نبیوں پر ایمان لانا ضروری ہے؟

**جواب** جی ہاں! تمام انبیائے کرام علیہم السّلام پر ایمان لانا ضروری ہے، اس کے بغیر کوئی مومن نہیں ہو سکتا۔

**سوال** کیا انبیائے کرام علیہم السّلام سے گناہ ہو سکتے ہیں؟

**جواب** جی نہیں! انبیائے کرام علیہم السّلام گناہوں سے پاک ہوتے ہیں ان سے گناہ ہو ہی نہیں سکتا۔





www.dawateislami.net

**سوال** کیا عورت بھی نبی ہو سکتی ہے؟

**جواب** جی نہیں! تمام نبی اور رسول مرد ہی تھے۔

**سوال** دنیا میں سب سے پہلے تشریف لانے والے کونسے نبی ہیں؟

**جواب** دنیا میں تشریف لانے والے سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السّلام ہیں۔

**سوال** کیا اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا ہو سکتا ہے؟

**جواب** جی نہیں! اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہو سکتا۔

**سوال** جو نبی ہونے کا جھوٹا دعوی کرے اسے کیا کہتے ہیں؟

**جواب** جو نبی ہونے کا جھوٹا دعوی کرے اسے "کذّاب" کہتے ہیں۔

**سوال** کیا تمام انبیائے کرام علیہم السّلام اپنے مزاروں میں زندہ ہیں؟

**جواب** جی ہاں! تمام انبیائے کرام علیہم السّلام اپنے مزاروں میں زندہ ہیں۔[16]

**سوال** تمام نبیوں کے سردار کون ہیں؟

**جواب** تمام نبیوں کے سردار اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہیں۔





www.dawateislami.net

# اولیائے کرام (10)

**سوال** ولیُّ اللہ کس کو کہتے ہیں؟

**جواب** اپنی خواہشات کو اللہ اور اس کے رسول کی محبت میں مٹادینے والے اور ہمیشہ ان کی اطاعت و فرماں برداری کرنے والے مسلمان بندے کو ولیُّ اللہ کہتے ہیں۔

**سوال** کرامت کسے کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ پاک کے کسی ولی سے خلافِ عادت ظاہر ہونے والی بات کو کرامت کہتے ہیں۔

**سوال** کیاولی کا کرامت دکھانا ضروری ہے؟

**جواب** ولی کا کرامت دکھانا ضروری نہیں ہے، اسی لیے ہر ہر ولی سے کرامت ظاہر نہیں ہوتی۔ بعض اولیائے کرام کرامتیں ظاہر فرمادیتے ہیں اور بعض کرامتیں ظاہر نہیں فرماتے۔ اس سے اُن کے ولی ہونے پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔




www.dawateislami.net

# فرشتے (11)

**سوال** فرشتے کون ہیں؟

**جواب** فرشتے اللہ پاک کی نورانی مخلوق ہیں یعنی اللہ پاک نے انہیں نور سے پیدا فرمایا ہے۔

**سوال** فرشتے کیا کرتے ہیں؟

**جواب** فرشتے وہی کرتے ہیں جس کا انہیں اللہ پاک حکم دیتا ہے۔

**سوال** کیا فرشتوں سے گناہ ہو سکتا ہے؟

**جواب** جی نہیں! فرشتے ہر قسم کے گناہوں سے پاک ہیں اسی لیے انہیں معصوم کہتے ہیں۔

**سوال** فرشتوں کے سردار کون ہیں؟

**جواب** فرشتوں کے سردار حضرت جبریل علیہ السّلام ہیں۔

**سوال** فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب** فرشتوں کی تعداد اللہ پاک اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔

**سوال** فرشتوں کی غذا کیا ہے؟

**جواب** فرشتوں کی کوئی غذا نہیں، نہ وہ کچھ کھاتے ہیں اور نہ ہی کچھ پیتے ہیں۔

**سوال** کیا فرشتوں پر ایمان لانا بھی ضروری ہے؟

**جواب** جی ہاں! فرشتوں پر ایمان لانا بھی ضروری ہے۔



# اولیائے کرام(11)

**سوال** کیا پچھلی امتوں میں بھی ولی ہوتے تھے؟

**جواب** جی ہاں! پچھلی امتوں میں بھی اللہ کے ولی ہوتے تھے۔

**سوال** پچھلی امتوں کے چند ولیوں کے نام بتائیں؟

**جواب** حضرت لقمان حکیم، اصحابِ کہف، آصف بن برخیا اور حضرت بی بی مریم رحمۃ اللہ علیہم

**سوال** قرآنِ پاک میں حضرت سلیمان علیہ السّلام کے امتی کی کیا کرامت بیان ہوئی ہے؟

**جواب** قرآنِ پاک میں حضرت سلیمان علیہ السّلام کے ایک امتی جن کا نام حضرت آصف بن برخیا تھا ان کی یہ کرامت بیان ہوئی کہ ہزاروں کلومیٹر دور رکھے ہوئے بڑے اور بہت بھاری تخت کو انہوں نے پلک جھپکتے میں منتقل کر کے حضرت سلیمان علیہ السّلام کے سامنے رکھ دیا۔(17)




www.dawateislami.net

# آسمانی کتابیں (12)



**سوال** کن کتابوں کو آسمانی کتابیں کہتے ہیں؟

**جواب** اللہ پاک نے جو کتابیں نازل فرمائیں انہیں آسمانی کتابیں کہتے ہیں۔

**سوال** آسمانی کتابیں کن پر نازل ہوئیں؟

**جواب** آسمانی کتابیں انبیائے کرام علیہم السّلام پر نازل ہوئیں۔

**سوال** آسمانی کتابیں کیوں نازل کی گئیں؟

**جواب** آسمانی کتابیں انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لئے نازل کی گئیں۔

**سوال** چار مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیے۔

**جواب** چار مشہور آسمانی کتابیں یہ ہیں:

1. توریت
2. زبور
3. انجیل
4. قرآن






www.dawateislami.net

# اولیائے کرام(12)

**سوال** قطب کسے کہتے ہیں؟

**جواب** ولیوں کی اقسام میں سے ایک قسم "قطب" ہے۔ اس کی جمع "اقطاب" ہے۔

**سوال** چار مشہور اقطاب کون سے ہیں اور ان کے مزارات کہاں ہیں؟

**جواب** چار مشہور اقطاب یہ ہیں:

(1) حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، آپ کا مزار عراق کے شہر بغداد میں ہے۔

(2) حضرت شیخ احمد کبیر رِفاعی رحمۃ اللہ علیہ، آپ کا مزار جنوبی عراق میں ہے۔

(3) حضرت شیخ احمد کبیر بدَوِی رحمۃ اللہ علیہ، آپ کا مزار مصر کے شہر طَنطا(Tanta) میں ہے۔

(4) حضرت شیخ ابراہیم دَسُوقی رحمۃ اللہ علیہ، آپ کا مزار مصر کے شہر "دَسُوق(Desouk)" میں ہے۔

**سوال** طریقت کے چار مشہور سلسلے کون سے ہیں اور ان کے مشہور پیشواؤں کے نام بتائیں؟

**جواب** (1) سلسلہ قادریہ اور اس کے مشہور پیشوا حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ کا مزار عراق کے شہر بغداد میں ہے۔

(2) سلسلہ نقشبندیہ اور اس کے مشہور پیشوا حضرت بہاء الدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ کا مزار ازبکستان کے شہر بخارا میں ہے۔

(3) سلسلہ چشتیہ اور اس کے مشہور پیشوا حضرت خواجہ غریب نواز حسن رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ کا مزار انڈیا کے شہر اجمیر میں ہے۔

(4) سلسلہ سہروردیہ اور اس کے مشہور پیشوا حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔ آپ کا مزار عراق کے شہر بغداد میں ہے۔




www.dawateislami.net

# انبیائے کرام کے معجزات (13)



**سوال** معجزہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب** نبی ہونے کا اعلان کرنے کے بعد نبی سے جو بات خلافِ عادت ظاہر ہو اسے معجزہ کہتے ہیں۔

**سوال** وہ کون سے نبی ہیں جو لوہے کو ہاتھ میں لیتے تو وہ موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا؟

**جواب** حضرت داوٗد علیہ السّلام جب لوہے کو ہاتھ میں لیتے تو وہ موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا۔

**سوال** وہ کون سے نبی ہیں جن کے عصا (یعنی لاٹھی) مارنے سے دریا کے درمیان راستہ بن گیا تھا؟

**جواب** حضرت موسیٰ علیہ السّلام کے عصا مارنے سے دریا کے درمیان راستہ بن گیا تھا۔

**سوال** وہ کون سے نبی ہیں جو تین میل دور سے چیونٹی کی آواز سن کر مسکرائے تھے؟

**جواب** حضرت سلیمان علیہ السّلام تین میل دور سے چیونٹی کی آواز سن کر مسکرائے تھے۔

**سوال** وہ اونٹنی کس نبی کی تھی جو اپنی باری پر تالاب کا سارا پانی پی جاتی تھی؟

**جواب** وہ اونٹنی حضرت صالح علیہ السّلام کی تھی جو اپنی باری پر تالاب کا سارا پانی پی جاتی تھی۔

**سوال** وہ کون سے نبی ہیں جو مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے؟

**جواب** حضرت عیسیٰ علیہ السّلام مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔

**سوال** وہ کونسے نبی ہیں جنہیں اللہ نے معراج کا معجزہ عطا فرمایا؟

**جواب** وہ اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ہیں جنہیں معراج کا عظیم معجزہ عطا کیا گیا۔

**سوال** اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ کونسا ہے؟

**جواب** اللہ کے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا سب سے بڑا معجزہ قرآن کریم ہے جو انسانوں کے لیے رحمت و ہدایت کا سبب ہے۔





www.dawateislami.net

# اہل بیت کرام(13)

**سوال** اہلِ بیت کرام سے کون مراد ہیں؟

**جواب** اہلِ بیت کرام میں نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی ازواجِ مطہرات (یعنی پاک بیویاں) اور حضرتِ خاتونِ جنت فاطمہ زہرا اور علی مرتضیٰ اور حسنین کریمین (یعنی امام حسن و امام حسین) رضی اللہُ عنہم سب داخل ہیں۔[18]

**سوال** اہلِ بیت کرام کے بارے میں اللہ پاک نے قرآنِ کریم میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟

**جواب** اللہ پاک پارہ 22 سورۃُ الاحزاب، آیت 33 میں ارشاد فرماتا ہے: (ترجمہ:) اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دُور فرمادے اور تمہیں پاک کر کے خوب ستھرا کردے۔[19]

**سوال** اہلِ بیت کرام کی عظمت و شان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

**جواب** اہلِ بیت کرام، اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے گھر والے اور رشتہ دار ہیں۔ دینِ اسلام میں ان کا بہت بڑا مقام ہے۔ اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ان سے بہت محبت فرماتے ہیں۔ آپ نے ہمیں اہلِ بیت کرام سے محبت کرنے کا حکم بھی دیا ہے۔ اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا ارشاد ہے: اپنی اولاد کو تین باتیں سکھاؤ (1) اپنے نبی کی محبت (2) اہلِ بیت کی محبت اور (3) تلاوتِ قرآن[20]

**سوال** پنجتن پاک سے کون مراد ہیں؟

**جواب** پنجتن پاک سے یہ پانچ مبارک ہستیاں مراد ہیں: (1) اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم (2) حضرت مولا علی رضی اللہُ عنہ (3) حضرت فاطمہ رضی اللہُ عنہا (4) حضرت امام حسن رضی اللہُ عنہ (5) حضرت امام حسین رضی اللہُ عنہ


www.dawateislami.net

# حوالہ جات


(1)...مسند بزار، 1/437، حدیث:308

(2)...نور الایضاح، کتاب الطہارۃ، فصل فی اوصاف الوضوء، ص59

(3)...فیضان سنت، جلد اول، ص220

(4)...مسلم، ص860، حدیث:5260

(5)...الدر المختار و رد المحتار، 9/683-684

(6)...رد المحتار، 2/499

(7)...رد المحتار، 9/668

(8)...الحدیقۃ الندیہ، 1/13

(9)...فیض القدیر، 4/664، تحت الحدیث:6096

(10)...بخاری، 4/130، حدیث:6114

(11)...بخاری، 1/15، حدیث:10

(12)...ترمذی، 4/227، حدیث:2514

(13)...شعب الایمان، 7/458، حدیث:10981

(14)...ترمذی، 3/392، حدیث:1979

(15)...بخاری، 4/115، حدیث:6056

(16)...مسند ابی یعلی، 3/216، حدیث:3412

(17)...پ19، النمل:40

(18)...تفسیر خزائن العرفان، ص780

(19)...پ22، الاحزاب:33

(20)...الجامع الصغیر، ص25، حدیث311




www.dawateislami.net

# مصادر و مراجع


| | | |
|---|---|---|
| قرآن مجید | کلام الٰہی | ✿✿✿✿ |
| کتاب کا نام | مصنف / مؤلف / متوفیٰ | مطبوعات |
| بخاری | امام ابو عبد اللہ محمد بن اسماعیل بخاری، متوفیٰ 256ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت 1419ھ |
| مسلم | امام ابو حسین مسلم بن حجاج قشیری نیشاپوری، متوفیٰ 261ھ | دار ابن حزم، بیروت 1427ھ |
| ابو داود | امام ابو داود سلیمان بن اشعث ازدی سجستانی، متوفیٰ 275ھ | دار احیاء التراث العربی 1421ھ |
| ابنِ ماجہ | امام محمد بن یزید قزوینی، متوفیٰ 273ھ | دار الفکر، بیروت 1416ھ |
| مسند امام احمد | امام احمد بن حنبل، متوفیٰ 241ھ | مؤسسۃ الرسالۃ 1414ھ |
| جامع صغیر | امام جلال الدین سیوطی، متوفیٰ 911 ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت 1425ھ |
| مجمعُ الزوائد | حافظ نور الدین علی بن ابو بکر ہیثمی، متوفیٰ 807ھ | دار الفکر، بیروت 1414ھ |
| مشکاۃُ المصابیح | امام محمد بن عبد اللہ خطیب تبریزی، متوفیٰ 741 ھ | دار الکتب العلمیہ، بیروت 1424ھ |
| مرقاۃُ المفاتیح | علامہ ملا علی بن سلطان قاری، متوفیٰ 1014 ھ | دار الفکر، بیروت 1414ھ |
| کیمیائے سعادت | امام محمد بن محمد غزالی، متوفیٰ 505 ھ | انتشارات گنجینہ 1372ھ |
| القولُ البدیع | امام ابو الفرج محمد بن عبد الرحمن سخاوی شافعی، متوفیٰ 902ھ | مؤسسۃ الریان 1422ھ |
| ردُّ المحتار | علامہ سید محمد امین ابن عابدین شامی، متوفیٰ 1252ھ | دار المعرفۃ، بیروت 1420ھ |
| خزائن العرفان | مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی، متوفیٰ 1367ھ | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور |
| بہارِ شریعت | صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی، متوفیٰ 1376 ھ | مکتبۃ المدینہ کراچی 1432ھ |
| مراٰۃ المناجیح | مفتی احمد یار خان نعیمی، متوفیٰ 1391 ھ | ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور |
| نماز کے احکام | امیر اہل سنت مولانا محمد الیاس عطار قادری | مکتبۃ المدینہ کراچی 1435ھ |
| کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب | امیر اہل سنت مولانا محمد الیاس عطار قادری | مکتبۃ المدینہ کراچی 1443ھ |
| خزینۂ رحمت | المدینۃ العلمیہ (دعوت اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی 1435ھ |
| ارکانِ اسلام | المدینۃ العلمیہ (دعوت اسلامی) | مکتبۃ المدینہ کراچی 1446ھ |

## کتاب "اسلامی تربیت پارٹ 1" ایک نظر میں

بچوں کی تربیت میں ایک اہم جزیہ بھی ہے کہ انھیں اسلامی تعلیمات، عقائد اور اسلامی فکر سے آراستہ کیا جائے۔ زیر نظر کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں قرآنیات، ایمانیات، شخصیاتِ اسلام، عبادات اور اخلاقیات کے پانچ عنوانات کے تحت مختلف اسباق میں اسٹوڈنٹس کیلئے مواد (Content) پیش کیا گیا ہے۔ عنوانات کے تحت ایک ایک پیریڈ کا مکمل سبق ایک ہی پیج پر دیا گیا ہے، تاکہ اسٹوڈنٹس کو آسانی ہو۔ ہر سبق اسٹوڈنٹس کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھ کر ترتیب دیا گیا ہے۔ طلبہ کی دلچسپی برقرار رکھنے کیلئے سبق کے اعتبار سے مکمل کتاب کی فورکلر ڈیزائننگ کی گئی ہے۔ پوری کتاب میں ہر عنوان کی مرکزی تھیم ایک ہی رکھی گئی ہے تاکہ پہچان رہے۔ یہ کتاب اسکولوں اور مدارس کے ابتدائی اسٹوڈنٹس کی اسلامی تربیت کے لیے بہت مفید ہے۔

978-969-722-972-7
01082640

Maktaba Tul Madina 78 Bordesley Green Road,
Bordesley Green, Birmingham, B9 4TA
www.maktabatulmadina.net +44 (0)7377 92 25 26
info@maktabatulmadina.net